# ماڈل پیپر مطالعہ پاکستان (لازمی) (معروضی) جماعت نہم پارٹ (I) (تعلیمی سیشن 17-2015 ومابعد)

وقت 15 منٹ **Paper Code** کل نمبر 10

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:-** You have four choices for each objective type question as A, B, C and D. The choice which you think is correct; fill that circle in front of that question number. Use marker or pen to fill the circles. Cutting or filling two or more circles will result in zero mark in that question.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1-1 | جنگ آزادی کب لڑی گئی۔ | | | |
| | (A) 1855ء | (B) 1857ء | (C) 1859ء | (D) 1861ء |
| 2 | قیام پاکستان کس صدی کا واقع ہے۔ | | | |
| | (A) اٹھارہویں | (B) انیسویں | (C) بیسویں | (D) اکیسویں |
| 3 | قرار داد لاہور کس شخصیت نے پیش کی۔ | | | |
| | (A) اے۔ کے۔ فضل حق | (B) علامہ محمد اقبال | (C) محمد علی جوہر | (D) سر آغا خاں |
| 4 | قائداعظم نے اپنے مشہور چودہ نکات کب پیش کیے؟ | | | |
| | (A) 1909ء | (B) 1919ء | (C) 1929ء | (D) 1939ء |
| 5 | 1942ء میں حکومت برطانیہ کا وفد کس کی قیادت میں ہندوستان آیا؟ | | | |
| | (A) سر پیتھک لارنس | (B) اے وی الیگزینڈر | (C) سر سٹیفورڈ کریس | (D) لارڈ ویول |
| 6 | جنگ پلاسی کب ہوئی؟ | | | |
| | (A) 1557ء | (B) 1657ء | (C) 1757ء | (D) 1857ء |
| 7 | کوہ ہندوکش کی بلند ترین چوٹی ہے۔ | | | |
| | (A) ملکہ پربت | (B) نانگا پربت | (C) ترچ میر | (D) ایورسٹ |
| 8 | پاکستان کے کتنے فیصد رقبے پر جنگلات ہیں۔ | | | |
| | (A) 0.5 | (B) 5 | (C) 15 | (D) 25 |
| 9 | بنیادی جمہوریتوں کے ممبران کی کل تعداد تھی۔ | | | |
| | (A) 60ہزار | (B) 70 ہزار | (C) 80 ہزار | (D) 90ہزار |
| 10 | قرار داد مقاصد کب منظور ہوئی؟ | | | |
| | (A) 1930ء | (B) 1940ء | (C) 1946ء | (D) 1949ء |

Result.pk

## ماڈل پیپر مطالعہ پاکستان (انشائیہ) جماعت نہم پارٹ (I) (تعلیمی سیشن 17-2015 و مابعد)

وقت 1:45 گھنٹے — کل نمبر 40

حصہ ---------------- اول — Part ------------------------ I

2۔ کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x6=12

(i) دہشت گردی کو کیسے روکا جا سکتا ہے؟

(ii) توحید سے کیا مراد ہے؟

(iii) نظریہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) ویول پلان کے کوئی سے تین نکات لکھیے۔

(v) عبوری حکومت میں شامل پانچ مسلم لیگی وزراء کے نام لکھیے۔

(vi) بھارت نے کشمیر پر قبضہ کیسے کیا؟

(vii) کرپس مشن کی تین تجاویز بیان کیجیے۔

(viii) برصغیر میں دو قومی نظریے کی اصطلاح سب سے پہلے کس نے استعمال کی؟

(ix) جناح، گاندھی مذاکرات میں قائداعظم کا کیا جواب تھا؟

3۔ کوئی سے چھ اجزا کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x6=12

(i) جنگلات کی کمی کی پانچ وجوہات بیان کیجیے۔

(ii) ٹوبا کاکڑ کا پہاڑی سلسلہ کہاں واقع ہے؟

(iii) پاکستان کے پانچ اہم قدرتی خطوں کے نام لکھیے۔

Result.pk

(iv) شور کی آلودگی کے اثرات بیان کیجیے۔

(v) پاکستان کی ابتدائی انتظامی مشکلات بیان کیجیے۔

(vi) مالاکنڈ ڈویژن کیسے تشکیل دیا گیا؟

(vii) معاشی ترقی سے کیا مراد ہے؟

(viii) واحد شہریت سے کیا مراد ہے؟

(ix) 1965 کی جنگ کے دو اسباب بیان کیجیے۔

حصہ ------------------ دوم — Part ------------------------------ II

نوٹ۔ کوئی سے دو سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 2x8=16

سوال نمبر 4 ہندوستان میں انگریز نوآبادیاتی نظام کا حل بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5 قائداعظم کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر 6 مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے۔

(الف) سطح مرتفع (ب) قرارداد مقاصد کے اہم نکات